
Ajuntament de Tortosa

# استقبالیہ گائیڈ





خوش آمدید،

اس شہر کا ناظم ہونے کے ناطے میں تمام شہریوں اور یونین کونسل کی طرف سے دلی خوش آمدید کہنا چاہتا ہوں۔ عام طور پر، جب ہم کسی شہر میں پہنچتے ہیں تو ہم بعض کاروائیوں اور انتظامات کے حوالے سے ناواقف ہوتے ہیں یا پھر ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ہمارا شہر ایسی خدمات پیش کرتا ہے جو ہمارے لیے باعث دلچسپی ہو سکتی ہیں۔ اسی وجہ سے ہم نے یہ استقبالیہ گائیڈ تیار کی ہے جس میں آپ تمام وہ خدمات، چاہے وہ میونسپل ہوں یا دوسرے اداروں اور انجمنوں کی ہوں، پائیں گے جو ہمارا شہر پیش کرتا ہے۔

اس کے علاوہ ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ یونین کونسل کی جانب سے ہر پندرہ دن کے بعد "خوش آمدید سیشن" منعقد کیے جاتے ہیں جس میں نئے آنے والوں کو میونسپلٹی کی جانب سے پیش کیے جانے والے بنیادی وسائل کے متعلق ان کی مادری زبان میں بنیادی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ "معاشرتی اور ثقافتی ماحول سے واقفیت" کے کورس بھی ہوتے ہیں، جن میں نئے آنے والے افراد کو مخصوص میونسپلٹی اور عمومی طور پر ملک کی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔

آخر پر، میں موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کو شہری ہونے کے ناطے قانونی اور مدنی لحاظ سے آپ کے حقوق اور فرائض یاد کروانا چاہتا ہوں، آپ سے باہمی میل جول اور ہر ایک کے معاشرتی امن کی خاطر عزت اور برداشت کو برقرار رکھنے کے لیے کہنا چاہتا ہوں۔ آپ کی مدد کے ساتھ جس کا مجھے بھروسہ ہے، طرطوسہ کو ایک زیادہ صاف ستھرا، رہائش کے قابل اور ہمیشہ رہنے والا شہر بنانے کے لیے آپ کی شراکت اور عزت کا مشکور ہوں۔ اگر آپ کو مزید معلومات یا مشورہ کی ضرورت ہو تو آپ شہریوں کی توجہ کی خدمت سے 977 585800 پر یا ویب سائٹ www.tortosa.cat پر رجوع کر سکتے ہیں۔

**Ferran Bel i Accensi**

**ناظم طرطوسہ**

**استقبالیہ گائیڈ**

یہ اشاعت ایک مفید گائیڈ ہے جو طرطوسہ کی میونسپلٹی میں موجود مختلف خدمات اور وسائل کے بارے میں معلومات فراہم کرنا چاہتی ہے۔ آپ کو میونسپل خدمت اور اسی طرح تمام مختلف سرگرمیوں کے دائرے کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گی، مثلاً: تعلیم، صحت، سماجی خدمات، خدمات برائے روزگار اور ثقافتی خدمات۔

**تعارف**

کاتالونیا ریاست اسپین کے، بشمول سبتۃ اور ملیلیہ، سترہ خودمختار علاقوں میں سے ایک ہے۔ کاتالونیا کے صوبے بارسلونا، خیرونا، لیریدا اور تاراگونا ہیں،اس کا کل رقبہ 31,895 مربع کلو میٹر پر محیط ہے اور اس کی کل آبادی ستر لاکھ سے زیادہ ہے۔

کاتالونیا کے شمال میں فرانس، مشرق میں بحیرۂ روم، مغرب میں آراگون اور جنوب میں والینسیا واقع ہیں۔

انتظامی لحاظ سے کاتالونیا 41 مضافاتی علاقوں اور 946 میونسپل علاقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

کاتالونیا کے جنوبی سرے پر تاراگونا کے صوبے میں واقع طرطوسہ، وادئ ایبرو کے مضافاتی علاقے کا دارلخلافہ ہے۔

طرطوسہ کا رقبہ 218.45 مربع کلو میٹر اور آبادی 38,000 نفوس پر مشتمل ہے۔ یہ مضافاتی علاقے کے درمیان واقع ایک وسیع ضلع ہے جو El Perelló (ایل پیریو)، l'Aldea (لا آلدیا)، Roquetes (روکیتیس)، Alfara de Carles (آلفارا دے کارلیس)، Aldover (آلدویر) اور Tivenys (تیوینیز) کی مضافاتی میونسپلٹیوں سے جا ملتا ہے۔ ایک اہم زرعی، تجارتی و صنعتی مرکز ہے۔ میونسپلٹی شہر طرطوسہ اور las pedanías de Bítem (لاس پیدانیاس دے بیطم)، Els Reguers (ایلس ریگویرس)، Campredó (کامپریدو)، Vinallop (وینالوپ) اور Jesús (خیسوس) پر مشتمل ہے اور 1994 Jesús سے ایک ایسی میونسپلٹی کے طور پر قائم ہے جو مرکزی حکومت سے علیحدہ ہے۔



CATALUNYA




TERRES DE L'EBRE

**<u>1.- معلومات اور پناہ کی خدمت</u>**

**شہریوں کی مدد کے لیے خدمت**

SAC آیونتامینتو دے طرطوسہ کی جانب سے پیش کی جانے والی میونسپل کاروائیوں کی معلومات اور انتظام و انصرام کی خدمت ہے۔

**پناہ، ہم آہنگی اور میل جول کی خدمت**

اس کا مقصد نئے آنے والوں کے لیے معلومات، خدمات اور سماجی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ یہ میونسپلٹی میں آباد ہونے کے لیے نئے آنے والوں کے ابتدائی لمحات کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتی ہے تاکہ ہم آہنگی اور میل جول میں آسانی ہو اور معاشرتی اخراج اور جھگڑوں سے بچا جا سکے جو معلومات کی کمی اور ماحول کی جان پہچان نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

**سماجی خدمات - UBASP**

ابتدائی توجہ کی سماجی خدمات نظام برائے سماجی خدمات کی پہلی سطح ہے۔ یہ ایک عوامی اور مفت خدمت ہے جہاں شہریوں کی معاشرتی ضروریات اور مسائل پر توجہ دی جاتی ہے۔

بنیادی سماجی خدمات کئی شعبوں سے تعلق رکھنے والے گروہ پر مشتمل ہے۔ سماجی کارکن، سماجی تربیت کار اور خاندانی کارکن۔ یہ فردی آزادی کو فروغ دینے کے لیے ہمہ گیر، برادرانہ اور انسدادی خصوصیت کے حامل ہوتے ہیں تاکہ لوگ مختلف حالات و ضروریات جن میں وہ پائے جاتے ہیں یا جو پیش ہو سکتے ہیں سے نپٹتے ہوئے عزت کی زندگی گزاریں۔ میل جول اور خدمات حاصل کرنے والوں کے آپس میں تعلقات کے دائرے میں نپٹنا ہو گا۔

سماجی خدمات کے اہل وہ افراد ہیں جو مندرجہ ذیل صورتِ حال میں سے کسی میں ہیں: جسمانی، نفسیاتی یا حواس کی معذوری؛ دماغی امراض اور لمبی بیماریاں؛ ٹوٹے گھرانوں کی سماجی ضرورت؛منشیات اور دیگر نشوں کے عادی؛ تشدد اور طفلانہ جرم؛ سماجی اخراج اور تنہائی؛ سماجی امتیازی سلوک؛ میل جول اورہم آہنگی کے مسائل؛ تشدد کا شکار ہونے والے؛ جرائم کی کاروائی؛ کام کے نازک حالات، بے روزگاری اور غربت؛ سماجی ایمرجنسیاں؛ آفات کی وجہ سے سماجی ایمر جنسی اور سیاسی پناہ ۔

وہ لوگ جو las pedanías de Campredó (پیدانیاس دے کامپریدو)، Bítem (بیطم)، Els Reguers (ایلس ریگویرس)، Vinallop (وینالوپ) اور l'EMD de Jesús (ایمد دے خیسوس) میں رہتے یا ایمپادرونار ہیں ان کے لیے ذاتی سماجی خدمات دستیاب ہیں۔


**AJUNTAMENT DE TORTOSA**
**SERVEI D'ATENCIÓ CIUTADANA**
Pl Espanya, 1
43500 Tortosa
Tel. 977 58 58 58
www.tortosa.cat
aj.tortosa@tortosa.cat

**SERVEI D'ACOLLIDA**
Pl. Espanya, 1
43500 Tortosa
Tel. 662 097 062
977 58 58 05
acollida@tortosa.cat

**SERVEIS SOCIALS**
Enric Bayerri 4, 1r
43500 Tortosa
Tel. 977 58 58 10
bso.tortosa@tortosa.cat
اوقات: پیر، بدھ اور جمعہ 9 تا 14

**EMD BÍTEM**
Tel. 977 59 65 09

**EMD CAMPREDÓ**
Tel. 977 59 70 50

**EMD JESÚS**
Tel. 977 50 07 35

**ELS REGUERS**
Tel. 977 47 40 24

**VINALLOP**
Tel. 977 58 58 10

**کاریتاس**

مسائل کے شکار مقامی افراد کے لیے پناہ اور مدد کی خدمت۔ خاندان کی بنیادی غذائی ضروریات کو پورا کرتی اور دیگر اقسام کی امداد کرتی ہے۔ پرانے کپڑوں کا ذخیرہ موجود ہے جہاں سے خفیف سا چندہ دے کر کپڑے حاصل کیے جا سکتے ہیں اور فرنیچر کی دکان جہاں سے کم قیمت پر فرنیچر لیا جا سکتا ہے۔

**CÀRITAS INTERPARROQUIAL DE TORTOSA**
C/ Censal Sacosta, 14
43500 Tortosa
Tel. 977 44 13 64
**Seccions Rober i Mobles**
C/ de Santa Anna, 9
43500 Tortosa
Tel. 977 44 19 00
**Menjador Social "Mossèn Sol"**
C/ Callao, 6 (Antic Col·legi de Sant Josep)
43500 Tortosa
**Casa d'Acollida**
Trav. Puríssima, 6
43500 Tortosa
Tel. 977 44 31 36

**خدمت برائے قانونی راہنمائی - SOJ**

SOJ کا مقصد، جو جینرالیتات دے کاتالونیا کے ساتھ معاہدے کے تحت قائم کیا گیا، شہریوں کو شہری، خاندانی، فوجداری، گھریلو تشدد، حقوق نابالغاں اور معاشرتی دائرہ اختیار (کام) کے شعبوں میں امدادی وکیل کی خدمات حاصل کرنے کے لیے چیزیں اور دستاویزات پیش کرنے سے متعلق ایک عوامی اور مفت خدمت مہیا کرنا ہے۔

**SERVEI D'ORIENTACIÓ JURÍDICA**
Pl. dels Estudis, 4, 2n
43500 Tortosa
Tel. 977 44 10 29
de diiluns a dijous de 10-12,30h
icator@advocatstortosa.org
www.advocatstortosa.org

**دیگر ادارے**

میونسپلٹی میں دیگر ادارے ہیں جو ہجرت کرنے والے ان افراد کی راہنمائی کرتے ہیں جن کا تعلق یورپی یونین سے نہیں: CITE-CCOO UGT-AMIC، ریڈ کراس طرطوسہ۔

انجمن AMIC-UGT ایک ایسا ادارہ ہے جو بلا معاوضہ ہجرت کرنے والے افراد کی معاشرے اور روزگار میں پیوستگی کے لیے آغاز کرتے ہوئے منصوبوں اور خدمات کو فروغ دیتا ہے۔ طرطوسہ میں AMIC کا دفتر دیگر خدمات کے علاوہ شعبہ غیر ملکی اور دیگر پہلو جو قانونی یا روزگار کے حوالے سے کسی شخص کے مہاجر ہونے کی حالت سے وابستہ ہیں، معلومات اور مخصوص قانونی راہنمائی پیش کرتا ہے۔

**CREU ROJA TORTOSA**
C/ Berenguer IV, 41
43500 Tortosa
Tel. 977 44 44 44
tortosa@creuroja.org
www.crojatortosa.org

**AMIC-UGT**
C/ Ciutadella, 13 1r
43500 Tortosa
Tel. 977 44 44 56
www.associacioamic.com
tortosa@associacioamic.com

## 2.- ایمپادرونامینتو:

پادرون میونسپل (مردم شماری) ایک رجسٹر ہے جس میں میونسپلٹی میں رہنے والے تمام ان افراد کا اندراج ہوتا ہے جو مستحکم طور پر رہتے ہیں۔ ایمپادرونار (رجسٹر) ہونا ایک حق اور فرض ہے۔ اس طرح، ضروری ہے کہ ایمپادرونار (رجسٹر) ہوں جب میونسپلٹی میں مستقل طور پر رہائش اختیار کرنا چاہتے ہوں۔ اس کے علاوہ، یہ کاروائی صحت کے کارڈ، بچوں کو اسکول داخل کروانے یا سماجی امداد کی درخواست کے لیے ضروری ہو گی۔
طرطوسہ کی میونسپلٹی میں ایمپادرونار (رجسٹر) ہونے کے لیے جو دستاویزات درکار ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

☐ کرایہ دار:

- DNI (شناختی کارڈ)، پاسپورٹ یا رہائشی اجازت نامہ کرایہ دار اور ان رشتہ داروں کا جو وہاں ایمپادرونار (رجسٹر) ہونا چاہتے ہیں رشتہ کی تصدیق کرتے ہوئے لبرو دے فامیلیا یا خاندان کے افراد کی کتاب، پیدائشی سرٹیفیکیٹ یا نکاح نامہ اور ساتھی ہونے کا سرٹیفیکیٹ)
- پٹہ نامہ یا کرایہ نامہ کا Cámara de Propiedad Urbana (چیمبر جائداد) میں اندراج ہونا
- Cédula de habitabilidad ( قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ)

☐ مالک مکان:

- DNI (شناختی کارڈ)، پاسپورٹ یا رہائشی اجازت نامہ
- رجسٹری جائداد کا Nota simple informativa (معلوماتی اطلاع نامہ) جو تین ماہ سے زیادہ پرانا نہ ہو
- Cédula de habitabilidad (قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ)

ہر وہ شخص جو ایمپادرونار ہونا چاہتا ہے اسے کاروائی کے لیے خود آیونتامینتو (یونین کونسل) کی نچلی منزل پر آنا ہو گا۔

**CITE-CCOO**
C/ Ciutadella, 13 2n
43500 Tortosa
Tel. 977 51 12 82
www.ccoo.cat/terresebre
uiterresebre@ccoo.cat

**AJUNTAMENT DE TORTOSA**
**Servei d'Atenció Ciutadana**
Pl Espanya,1
43500 Tortosa
Tel. 977 58 58 58
aj.tortosa@tortosa.cat
www.tortosa.cat

**EMD DE JESÚS**
Ctra. De Jesús a Roquetes, 3
43590 Tortosa
Tel 977 50 07 35
www.emdjesus.cat

**SAC DE CAMPREDÓ**
C/ Rafael Escardo Valls, 10
43897 Campredó – Tortosa
Tel. 977 59 70 50
campredo@tortosa.cat
www.campredo.altanet.org

**SAC ELS REGUERS**
C/ de Cabassers, 26
43527 Els Reguers – Tortosa
Tel 977 47 40 24
reguers@tortosa.cat

## 3.- صحت کا کارڈ :

ہمیشہ کہ ہمیں صحت کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہو تو ہم ابتدائی حفاظتِ صحت کے مرکز (CAP) جائیں گے، جہاں ہمیں ایک خاندانی ڈاکٹر، ماہر امراضِ اطفال اور شفاخانے کے عملے کی توجہ حاصل ہو گی۔ Servei Català de Salutکے کسی بھی مرکز صحت کا باقاعدگی سے صارف بننے کے لیے اور ایک خاندانی ڈاکٹر منسلک کیے جانے کے لیے ضروری ہے کہ انفرادی صحت کا کارڈ (TIS) حاصل کیا جائے۔ یہ کارڈ ذاتی اور ناقابلِ منتقل ہے اور یہ آپ کی رہائش گاہ سے قریب ترین ابتدائی حفاظت صحت کے مرکز (CAP) سے حاصل ہوتا ہے۔ ان مراکز میں اس کے حصول کے لیے درکار دستاویزات کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کی جائیں گی۔

## 4.- بچوں کی تعلیم

کاتالونیا میں 6 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم حاصل کرنا لازمی اور مفت ہے۔ کاتالان تعلیمی نظام کے مراحل مندرجہ ذیل ہیں:

- پیدائش سے 3 سال کی عمر تک، گواردیریا
- 3 سے 6 سال کی عمر تک، ابتدائی تعلیم (مفت، غیر لازمی)

**SAC DE BÍTEM**
C/ Travesía Jacint Verdaguer, 23
43510 Bítem – Tortosa
Tel. 977 59 65 09
bitem@tortosa.cat

**SAC DE VINALLOP**
Pl. Mare de Déu Divina Pastora, 2
43517 Vinallop – Tortosa
Tel. 977 47 43 99
vinallop@tortosa.cat

**CAP TEMPLE**
**Centre d'Atenció Primària**
Av. de la Generalitat s/n (antiga Pl. Carrilet)
43500 Tortosa
Tel. 977 51 00 18
Tel. Urgències 977 51 07 51
www.gencat.cat/ics

**CAP BAIX EBRE**
**Centre d'Atenció Primària**
Av. Cristòfol Colom 16-20
43500 Tortosa
Tel. 977 50 26 38
www.gencat.cat/ics

**DEPARTAMENT D'ENSENYAMENT**
C/ Providència . 5-9
43500 Tortosa
Tel. 977 44 87 11
www.gencat.cat/ensenyament

- 6 سے 12 سال کی عمر تک، پرائمری تعلیم
- 12 سے 16 سال کی عمر تک، سیکنڈری تعلیم
- 16 سے 18 سال کے درمیان، فورماسیون پروفیسیونال (پیشہ ورانہ تربیت) یا باچیجراتو کا انتخاب کیا جا سکتا ہے
- 18 سال سے یونیورسٹی یا اعلیٰ درجہ کی پیشہ ورانہ تعلیم تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے

طرطوسہ میں مختلف تعلیمی مراکز کے بارے میں جاننے کے لیے 012 پر فون کر سکتے ہیں، یا شعبہ تعلیم سے رجوع کر سکتے ہیں۔
اسکول میں رسائی حاصل کرنے کے لیے مارچ اور اپریل کے مہینوں میں داخلہ کروانا ہو گا۔ دستاویزات جو پیش کرنا ہوں گی وہ مندرجہ ذیل ہیں:

- طالب علم / طالبہ کے والد، والدہ یا سرپرست کے DNI (شناختی کارڈ) کی فوٹو کاپی، پاسپورٹ یا رہائشی اجازت نامہ
- طالب علم / طالبہ کا DNI (شناختی کارڈ)، پاسپورٹ یا رہائشی اجازت نامہ
- لبرو دے فامیلیا (خاندان کے افراد کی کتاب) کی فوٹو کاپی یا طالب علم / طالبہ کے سرٹیفیکیٹ پیدائش کی فوٹوکاپی
- حفاظتی ٹیکوں کا کارڈ
- صحت کارڈ
- ایمپادرونار ہونے کا سرٹیفیکیٹ

## 5.- تربیتِ بالغاں اور پیشہ کی تربیت

### 1) تربیتِ بالغاں:

- ☐ **اسکول برائے تربیت بالغاں**: بڑی عمر کے لوگوں کے لیے، اسکول بالغاں مختلف امکانات کی مفت پیشکش کرتا ہے: تربیت کا معاونت شدہ دور، سیکنڈری تعلیم میں گریجوایشن (GES)، درمیانے اور اعلیٰ درجے کے تربیتی دور تک رسائی کے لیے امتحانات کی تیاری، 25 سال سے بڑی عمر والوں کے لیے یونیورسٹی تک رسائی کے لیے امتحان کی تیاری، کمپیوٹر، انگریزی سیکھنا اور کاتالان کے کورس۔
- ☐ **زبانوں کا سرکاری اسکول**: EOI طرطوسہ میں ان دنوں انگریزی، فرانسیسی اور جرمن کے کورس کیے جا سکتے ہیں۔
- ☐ **Espai Obert d'Aprenentatge**: دیگر چیزوں کے علاوہ، مختلف زبانوں میں ترجمہ شدہ اطفال اور صحت کی تعلیم کی ورک شاپ، سلائی کڑھائی کی ورک شاپ، 16 سال سے بڑی عمر کی خواتین کے لیے بال سنوارنے کے کام کی ابتدا کے بارے میں ورک شاپ، ملاپ سے فائدہ اٹھانے والے 16 سال سے بڑی عمر کے نوجوانوں

**AFA TORTOSA (Aula de Formació d'Adults)**
Av. Colom, 34-42 (Institut de l'Ebre)
43500 Tortosa
Tel. 977 58 89 95
e3009771@xtec.cat
www.xtec.cat/afatortosa

**ESCOLA OFICIAL D'IDIOMES**
C/ Sant Domènech, 14
43500 Tortosa
Tel. 977 44 00 79
eoitortosa@xtec.cat
www.eoitortosa.com

**ESPAI OBERT D'APRENENTATGE**
Pl. dels Dolors, 1
43500 Tortosa
Tel. 977 44 52 64
espai.tortosa@tortosa.cat

| | |
|---|---|
| کے لیے پناہ اور یکجہتی کے کورس بھی ہوتے ہیں۔ | |
| **2) پیشہ کی تربیت:**<br><br>**پیشہ کی تربیت کا مرکز:**<br>☐ ورک شاپ اسکول: 25 سال سے کم عمر فارغ نوجوانوں کے لیے۔ مقصد کوئی ہنر سیکھنا ہے اور مدت دو سال ہے۔<br>☐ ورک شاپ برائے پیشہ: 25 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بے روزگار افراد کے لیے جو روزگار سے علیحدہ ہونے کے خدشے کی حالت میں ہوں۔ یہ باغبانی، باورچی، گھر پر توجہ، وغیرہ ہو سکتے ہیں اور اس کی مدت ایک سال ہے۔<br>☐ پیشہ ورانہ تربیت کے کورس: ایسے افراد کے لیے ہے جو بے روزگار ہیں اور یہ ویلڈنگ، الیکٹریشن، مستری، خاندانی کارکن وغیرہ بن سکتے ہیں۔ کمپنیوں میں عملی تربیت ہوتی ہے۔<br>☐ پروگرام SEFED: منتظمین کے لیے کورس۔ ان کی مدت چھ ماہ کی ہوتی ہے اور یہ صبح کے وقت ہوتے ہیں۔ یہ بے روزگار افراد کے لیے ہیں۔ | **CENTRE DE FORMACIÓ OCUPACIONAL**<br>Pl Sant Joan, 4<br>43500 Tortosa<br>Tel. 977 51 11 89<br>Tel. 977 51 13 80<br>cfo.tortosa@tortosa.cat<br>www.tortosa.cat |
| **جینرالیتات کاتالونیا کی خدمت برائے پیشہ - SOC**<br>بے روزگار افراد کے لیے پیشہ کی تربیت کے کورس پیش کیے جاتے ہیں تاکہ وہ روزگار حاصل کر سکیں۔ مسلسل پیشہ ورانہ کورس بھی ہیں جو ایسے افراد کے لیے ہیں جو سرگرم ہوں اور جن کا مقصد اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانا ہو۔ | **SERVEI D'OCUPACIÓ DE LA GENERALITAT DE CATALUNYA**<br>Passeig de Ribera, 25-27<br>43500 Tortosa<br>Tel. 977 44 81 01<br>otg_tortosa.soc@gencat.net<br>www.oficinadetreball.cat |
| **عبوری ملازمت کا پروگرام - PTT**<br>یہ 16 سال سے زیادہ عمر کے بے روزگار لڑکے اور لڑکیوں کے لیے ایک سالہ تربیتی پروگرام ہے۔ چوب کاری (لکڑی کا کام) اور کھانا پکانا سیکھا جاتا ہے اور کمپنیوں میں عملی کام کیا جاتا ہے۔ مقصد ذاتی اور پیشہ ورانہ وسائل فراہم کرنا ہے تاکہ ملازمت تلاش کر سکیں اور/ یا تربیت کو جاری رکھیں۔ | **PTT TORTOSA (Programa de Transició al Treball)**<br>Pl Sant Joan, 4<br>43500 Tortosa<br>Tel. 977 51 11 89<br>Tel. 977 44 20 54<br>ptt.tortosa@tortosa.cat<br>www.xtec.cat/se-baixebre |

## 6.- زبان سیکھنا

کاتالونیا میں دو سرکاری زبانیں ہیں: کاتالان اور کاستیانو۔ اس طرح، کام تلاش کرنے، انتظام کرنے، خریداری کرنے وغیرہ کے لیے ضروری ہے کہ ہر ایک بات کرے، یا کم از کم یہ دو زبانیں سمجھے۔
طرطوسہ میں، جہاں زیادہ تر کاتالان بولی جاتی ہے، زبان سیکھنے کے ہر قسم کے کورس کی پیشکش کی جاتی ہے، جن میں نمایاں ہیں:

**کنسورشیم برائے زبان کی روانی**: بالغ افراد کے لیے۔ باقاعدہ حاضر ہو کر یا فاصلاتی نظام کے طریقہ سے ہو سکتے ہیں۔
اس کے لیے 18 سال کا ہونا لازمی ہے یا 16 سال کی عمر کا ہونا اور اسکول کی لازمی تعلیم کاتالونیا میں حاصل نہ کی گئی ہو۔ "Voluntariat per la llengua": یہ ایک ایسا پروگرام ہے جو ایک حقیقی اور نرم ماحول فراہم کرتے ہوئے معمول کے طور پر کاتالان بولنے والوں کو ایسے افراد سے ملاتا ہے جو کاتالان بولنے پر عمل کرنا چاہتے ہیں۔

**آسکول برائے تربیتِ بالغاں**: خواندگی کے لیے Nivel instrumental (نیویل انسترومینتال) کے نام سے باقاعدہ معیاری کلاسیں ہوتی ہیں۔ صرف زبانی کام کیا جاتا ہے۔ طلباء کی عمر کم سے کم 16 سال ہونی چاہیے۔

- **Atzavara-arrels**: ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جو طرطوسہ میں ہجرت کرنے والے افراد کے لیے سرگرمیاں منعقد کرتی ہے جیسے لسانی حصول کے کاتالان اور کاستیانو کے کورس، معاونت شدہ پڑھائی کی ورک شاپ، بچوں اور بالغوں کے لیے کھلی کلاس کی جگہ، مختلف زبانوں میں عوام کے لیے معلومات اور ترجمہ و لسانی تبادلہ۔
- **Espai Obert d'Aprenentatge**: ناخواندہ خواتین کے لیے کاتالان کی ورک شاپ۔

**CONSORCI PER A LA NORMALITZACIÓ LINGÜÍSTICA**
Pl. dels Dolors 1, 3r
43500 Tortosa
Tel. 977 51 07 20
terresdelebre@cpnl.cat
www.cpnl.cat/xarxa/cnlterresebre/

**SERVEI LOCAL DE CATALÀ DE TORTOSA**
Pl. dels Dolors 1, 3r
43500 Tortosa
Tel. 977 51 07 20
tortosa@cpnl.cat
www.cpnl.cat/xarxa/cnlterresebre/

**AFA TORTOSA (Aula de Formació d'Adults)**
Av. Colom, 34-42 (Institut de l'Ebre)
43500 Tortosa
Tel. 977 58 89 95
e3009771@xtec.cat
www.xtec.cat/afatortosa

**ATZAVARA-ARRELS**
C/ Poeta Vicenç García 3
43500 Tortosa
Tel i fax 977 44 05 58
atzavara-arrels@hotmail.com

**ESPAI OBERT D'APRENENTATGE**
Pl. dels Dolors, 1
43500 Tortosa
Tel. 977 44 52 64
espai.tortosa@tortosa.cat

## 7.- کام

کوئی بھی غیر ملکی جو رہائش اور کام کے اجازت نامہ کا حامل ہے وہ لیبر مارکیٹ تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔
ملازمت کی تلاش کے لیے آپ رجوع کر سکتے ہیں:

- **جینرالیتات کا دفتر برائے روزگار** (OTG): یہ روزگار پیش کرنے اور حاصل کرنے کی عوامی خدمت ہے۔
- **پیشہ کی تربیت کا مرکز** (CFO): ملازمت بیورو اور وسیلہ دستیاب ہے
- **ریڈ کراس طرطوسہ**: ہجرت کرنے والے افراد کو ملازمت دلوانے میں مدد کے لیے ملازمت میں شمولیت کا ایک منصوبہ ہے
- **طرطوسہ میں نوجوانوں کے لیے معلومات کا مرکز** (PIJ): ملازمت کی دنیا سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے
- **نوجوانوں کے لیے معلوماتی مرکز** (Baix Ebre PIJ): ملازمت کی پیشکشوں اور ان تک رسائی کیسے حاصل کرنا ہو گی کے بارے میں عملی معلومات کا نوٹس بورڈ
- **کاریتاس انٹر پاروکیال طرطوسہ**: ہجرت کرنے والی خواتین کے لیے ملازمت بیورو دستیاب ہے
- **Fundació Pagesos Solidaris-Unió de Pagesos کا پناہ اور شمولیت کا زرعی پروگرام**: مزدور کی توجہ کا دفتر ایک ایسی خدمت ہے جس کا مقصد ایسے افراد جنہیں لیبر مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے ان کی ذاتی اور کام کی خود مختاری کو فروغ دینا ہے۔ کئی مختلف خدمات پیش کی جاتی ہیں: زرعی شعبہ میں مزدوروں کے انتخاب کی کاروائیوں میں حصہ لینا - کام کی ثالثی؛ مشاورت، راہنمائی اور ملازمت میں شمولیت کی راہ میں مدد؛ SOC کی فہرست ملازمت کے متلاشی میں اندراج؛ پیشگی ملازمت اور پیشہ کی تربیت؛ قانونی راہنمائی اور دستاویزی عمل کاری میں مدد۔
- **عارضی ملازمت کی کمپنیاں** (ETT): عارضی طور پر لوگوں کے ساتھ کام کا معاہدہ کرتی ہیں تاکہ وہ صارف کمپنیوں کو خدمات پیش کر سکیں

**CREU ROJA TORTOSA**
C/ Berenguer IV, 41
43500 Tortosa
Tel. 977 44 44 44
tortosa@creuroja.org
www.crojatortosa.org

**SERVEI D'OCUPACIÓ DE LA GENERALITAT DE CATALUNYA**
Passeig de Ribera, 25-27
43500 Tortosa
Tel 977 44 81 01
otg_tortosa.soc@gencat.net
www.oficinadetreball.cat

**CENTRE DE FORMACIÓ OCUPACIONAL**
Pl Sant Joan, 4
43500 Tortosa
Tel 977 51 11 89
Tel 977 51 13 80
cfo.tortosa@tortosa.cat
www.tortosa.cat

**CREU ROJA TORTOSA**
C/ Berenguer IV, 41
43500 Tortosa
Tel. 977 44 44 44
tortosa@creuroja.org
www.crojatortosa.org

**PUNT D'INFORMACIÓ JUVENIL DE TORTOSA**
Pl. Joan Monclús 2
(Antic Mercat de Ferreries)
43500 Tortosa
Tel 977 50 45 73
joventut@tortosa.cat
www.puntjove.tortosa.cat

## .8- سماجی وابستگی

غیر ملکی افراد جو اسپین کی سرزمین پر رہتے ہوں لیکن ان کے پاس رہائش اور کام کا اجازت نامہ نہیں وہ خاص وجوہات، سماجی وابستگی کی بنا پر رہائشی اجازت نامہ کی درخواست دے کر اپنی حالت کو قانونی شکل دے سکتے ہیں۔ اسے حاصل کرنے کے لیے ایک شرط یہ ہے کہ ایک سماجی پیوستگی یا شمولیت کی رپورٹ جو آیونتامینتو (یونین کونسل) تیار کرتی ہے، پیش کی جائے۔ اس کا مطالبہ کرنے کے لیے ایک درخواست پیش کی جانی لازمی ہے جس کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات اور شرائط لازمی ہیں:

- دستاویزات جو اس بات کی تصدیق کریں کہ درخواست سے قبل گزشتہ تین سال سے اسپین کی سرزمین پر لگاتار اور مسلسل رہائش پذیر رہے ہیں
- کم از کم چھ ماہ سے آیونتامینتو (یونین کونسل) طرطوسہ میں ایمپادرونار (رجسٹرڈ) ہونا
- اگر گفتگو کرنے میں مسائل ہوں، زبان سیکھنے کے کورس کرنے کے امکانات کی قدر کی جائے گی۔
- معاشرتی، ثقافتی اور کام کے ماحول کا جاننا

**OFICINA JOVE DEL BAIX EBRE**
C/ del Vall, 9
43500 Tortosa
Tel 977 44 50 03
sij.baixebre@oficinajove.cat
www.jovebaixebre.cat

**CÁRITAS INTERPARROQUIAL DE TORTOSA**
C/ Censal Sacosta, 14
43500 Tortosa
Tel 977 44 13 64

**FUNDACIÓ PAGESOS SOLIDARIS-UNIO PAGESOS**
Oficina d'Atenció al Treballador/a
c/ Àusias March, 14 bxs
43500 Tortosa
Tel. 977 58 87 83
tortosa@pagesossolidaris.org
www.pagesossolidaris.org

**AJUNTAMENT DE TORTOSA**
**SERVEI D'ATENCIÓ CIUTADANA**
Pl Espanya, 1
43500 Tortosa
Tel 977 58 58 58
aj.tortosa@tortosa.cat
www.tortosa.cat

## 9.- **خاندانی ملاپ**

غیر ملکی افراد جو اسپین کی سرزمین پر رہتے ہیں اور رہائش اور کام کے تجدید شدہ اجازت نامہ کے حامل ہیں، براہ راست رشتہ داروں (خاوند یا بیوی، بچوں اور والدین) کے خاندانی ملاپ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست کرنے کے لیے ایک شرط یہ ہے کہ مناسب رہائش گاہ دستیاب ہونے کی رپورٹ فراہم کی جائے جو تصدیق کرے کہ درخواست دہندہ کے پاس اپنے اور اپنے خاندان کے لیے ایک اچھی رہائش گاہ موجود ہے۔
آیونتامینتو طرطوسہ سے یہ رپورٹ طلب کرنے کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات پیش کرنا ہوں گی:

- ☐ درخواست دہندہ کے NIE کی فوٹو کاپی
- ☐ ان رشتہ داروں کے پاسپورٹ کی فوٹو کاپی جنہیں ملاپ کے تحت بلانا چاہتے ہیں
- ☐ پٹہ نامہ یا کرایہ نامہ جو چیمبر جائداد میں اندراج شدہ ہو یا جائداد کا Nota simple informativa (معلوماتی اطلاع نامہ) جو تین ماہ سے زیادہ پرانا نہ ہو
- ☐ Cédula de habitabilidad (قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ)
- ☐ حال ہی میں کیے جانے والے معاہدے یا پانی، بجلی اور گیس (قدرتی یا سلنڈر) کے بل کی کاپی

## **10.- اسناد اور تعلیمی کورس کی متناسبت**

تعلیمی اسناد جو یونیورسٹی کی نہ ہوں کی متوازیت اور متناسبت کی درخواست ہسپانوی شہری یا غیر ملکی دے سکتے ہیں جنہوں نے کسی غیر ملکی نظام سے کوئی کورس کیا ہو یا کوئی سرکاری یا سرکاری طور پر تسلیم شدہ سند حاصل کی ہو۔ درخواست شعبہ تعلیم کی نمائندگی کرنے والے ادارے میں ہر صورت میں ضرورت کے مطابق درکار دستاویزات کے ساتھ پیش کی جا سکتی ہے۔
یونیورسٹی یا اعلیٰ تعلیم کے کورس کی متوازیت یا متناسبت کی کاروائی وزارت تعلیم کے زیر عمل ہو گی، اس کے لیے ہر صورت میں متعلقہ دستاویزات کے ساتھ اس کے لیے مقرر کردہ دفاتر میں درخواست بذریعہ ڈاک یا خود پیش ہو کر دی جائے گی۔

**AJUNTAMENT DE TORTOSA**
**SERVEI D'ATENCIÓ CIUTADANA**
Pl Espanya, 1
43500 Tortosa
Tel 977 58 58 58
aj.tortosa@tortosa.cat
www.tortosa.cat

**DEPARTAMENT D'ENSENYAMENT**
C/ Providencia, 5-9
43500 Tortosa
Tel. 977 44 87 11
www.gencat.cat/ensenyament

**MINISTERI D'EDUCACIÓ, CULTURA I ESPORT**
شہری توجہ 81 76 327 91
www.educacion.gob.es

## 11.- ڈرائیونگ لائسنس کا ردوبدل اور گاڑی کی رجسٹریشن

### 1) ڈرائیونگ لائسنس کا ردوبدل

عالمی ڈرائیونگ لائسنس B عالمی قاعدے کے تحت کارآمد ہے۔ عالمی ڈرائیونگ لائسنس کی مدت اسپین میں رہائش کے پہلے چھ ماہ تک کی ہوتی ہے۔ یہ عرصہ گزرنے پر، اسپین کے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے درخواست دینا ہو گی۔ ان لوگوں کے ڈرائیونگ لائسنس اس سے مستثنیٰ ہیں جن کا تعلق ان غیر یورپی یونین ممالک سے ہے جنہوں نے اسپین کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس کے ردوبدل کا معاہدہ کیا ہوا ہے۔ ردوبدل کی درخواست اس صورت میں دے سکتے ہیں اگر ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء مندرجہ ذیل ممالک کی جانب سے کیا گیا ہے۔ اندورا، سوئٹزرلینڈ، ناروے، آئس لینڈ، لیختینستائن، کوریا، جاپان، مراکش، ارجنٹائن، یوروگوائے، پیراگوائے، پیرو، چلی، کولمبیا، ایکواڈور، ڈومینیکن ریپبلک، وینزویلا، الجیریا، بولیویا اور کروشیا۔
یورپی یونین کے کسی بھی رکن ملک کا اجراء شدہ ڈرائیونگ لائسنس اسپین میں کارآمد ہے۔ تاہم، اگر اس کا حامل مسلسل یا عموماً اسپین میں رہائش اختیار کر لے تو اسے ٹریفک ہیڈ کواٹر (Jefatura de Tráfico) کو مطلع کرنا ہو گا تاکہ اس کے کوائف ڈرائیور اور غلطی کرنے والوں کے مرکزی رجسٹر میں داخل کیے جاسکیں۔ اس لمحے سے، یہ لوگ وقفے وقفے سے ہونے والی جسمانی و نفسیاتی جانچوں کے پابند ہو جاتے ہیں انہی شرائط کے تحت جو اسپین کے اجراء کردہ ڈرائیونگ لائسنس میں موجود ہیں۔

### 2) گاڑی کی رجسٹری

غیر ملکی افراد جو ذاتی گاڑی میں آئے ہوں جو ان کے ابتدائی ملک میں رجسٹرڈ ہو، اسپین میں گاڑی چلانے کے لیے ان کے پاس گاڑی کے کاغذات کو قانونی شکل دینے کے لیے 30 دن کی مہلت ہوتی ہے جس دن سے وہ اپنی رہائش اختیار کرتے ہیں۔
معلومات کے حصول کے لیے آپ طرطوسہ کی مقامی پولیس سے رجوع کر سکتے ہیں۔ یہ کاروائی کرنے کے لیے ضروری دستاویزات مندرجہ ذیل ہیں:

- NIE
- ایمپادرونار ہونے کا سرٹیفیکیٹ
- گاڑی کی اسپینش دستاویزات ( تکنیکی کارڈ) کی درخواست ITV سے کریں
- رجسٹریشن ٹیکس ادا کرنا
- گاڑیوں کے میونسپل ٹیکس کے لیے اندراج کراونا


**PREFECTURA PROVINCIAL DE TRÀNSIT DE TARRAGONA**
**Departament de Vehicles**
Pl. Imperial Tarraco, 4
43071 Tarragona
Tel. 977 22 11 96
jptt@dgt.es
www.dgt.es

**POLICIA LOCAL TORTOSA**
Pl. Immaculada,  16
43500 Tortosa
Tel. 977 58 58 01
www.policialocaltortosa.com

**12.- رہائش گاہ**

جب ہم کوئی فلیٹ خریدنا یا کرایہ پر لینا چاہتے ہیں تو اس بات کو مدنظر رکھنا چاہیے کہ اس میں پانی، بجلی اور گیس کی فراہمی چالو ہو اور تمام نصب شدہ نظام اچھی حالت میں ہو۔ اس کے علاوہ یہ جاننا بھی بہتر ہے کہ مکان کا Cédula de habitabilidad (قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ) ہے، ایک سرکاری دستاویز ہے جو اس بات کی تصدیق کرتی ہو کہ رہائش گاہ حفاظت اور آرام کی تمام ضروری شرائط پر پورا اترتی ہے۔ اگر کسی مکان کا قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ نہیں ہے تو یہ جینرالیتات کے دفتر Oficina d'Habitatge سے درخواست کر کے طلب کیا جا سکتا ہے، اگر یہ رہائش گاہ نئی تعمیر شدہ ہے؛ یا ConsellComarcal del Baix Ebre سے اگر یہ کوئی پرانا مکان ہے۔ قابل سکونت ہونے کا تصدیق نامہ کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ ہمیشہ مالک مکان اس کی درخواست دے۔

**1) کرایہ کے مکان**

پٹہ نامہ یا کرایہ نامہ دو افراد کے درمیان ایک نجی معاہدہ ہوتا ہے: کرایہ دار اور مالک جائداد۔ عام طور پر معاہدے میں ایک ماہ کرایہ کی رقم پیشگی ادائیگی مشروط کی جاتی ہے جو بطور حفاظت ہوتی ہے۔ یہ رقم چیمبر جائداد کے دفتر یا کسی شریک مالیاتی ادارے میں جمع کروائی جاتی ہے۔ جب یہ کرایہ نامہ ختم ہو جائے تو مالک جائداد کے جائزہ لینے پر کہ جائداد صحیح حالت میں واپس کی جا رہی ہے، ہی حفاظتی رقم واپس دی جائے گی۔
ایسے افراد جو نازک معاشرتی اور معاشی حالت میں ہوں وہ سرکاری اداروں، جو سوشل مکانوں کے ذمہ دار ہوتے ہیں، یا براہ راست آیونتامینتو سے رجوع کر سکتے ہیں تاکہ رہائش گاہ کے لیے کسی قسم کی امداد کے امکانات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔

**2) ذاتی مکان**

کسی مکان کو خریدنے سے پہلے بہتر ہے کہ اس کی قانونی حالت کی یقین دہانی کر لیں Registro de la Propiedad (جائداد کی رجسٹری) وہ ادارہ ہے جہاں جائداد کے اصل مالک کا اندراج ہوتا ہے اور یہ اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ جائزہ لیا جا سکے کہ یہ کسی بھی واجب الادا رقم کی ادائیگی کی ذمہ داری سے مستثنیٰ ہے (nota simple)۔ صرف ادارہ برائے جائداد کی رجسٹری کے بیانات خریداری کی ایک مکمل قانونی گارنٹی ہیں۔
کسی مکان کی خریداری ایک عوامی دستاویز یا بیعنامہ کے ذریعہ ہو سکتی ہے۔ لیکن تاکہ خریداری جائداد کا رجسٹری کے ادارے میں اندراج ہو سکے ضروری ہے کہ ایک نوٹری سے رجوع کریں جو ایک عوامی دستاویز کا اجراء کرے۔ یہ دستاویز دونوں فریقین اور نوٹری کے دستخطوں کے بعد خرید و فروخت کو قانونی شکل دیتی ہے۔ اسی طرح، خرید و فروخت کسی تیسرے کے سامنے مکمل طور پر مؤثر اشتہار ہو، ضروری ہے کہ اس کا متعلقہ جائداد کی رجسٹری میں اندراج کیا جائے۔
جینرالیتات کا دفتر رہائش کسی رہائش گاہ اور سرکاری حفاظتی رہائش گاہ، مناسب کرایہ پر فراہمی کے پروگرام اور رہائش گاہ اور عمارات کی مرمت کے لیے امداد کے انتظامات کے بارے میں معلومات اور راہنمائی فراہم کر سکتا ہے۔

**CONSELL COMARCAL DEL BAIX EBRE**
C/ Barcelona , 152
43500 Tortosa
Tel. 977 44 53 08
www.baixebre.cat

**CAMBRA DE LA PROPIETAT URBANA**
C/ Cristòfol Despuig, 42
43500 Tortosa
Tel. 977 44 08 45
tortosa@cambrapropietat.org
www.cambra.propietat.org

**BORSA JOVE D'HABITATGE**
C/ de la Rosa ,17
43500 Tortosa
Tel. 977 44 49 47
habitatgejove@tortosa.cat
www.puntjove.tortosa.cat

**AGÈNCIA DE L'HABITATGE DE CATALUNYA**
C/ Maria Rosa Molas, 41
43500 Tortosa
Tel. 977 92 35 98
www.agenciahabitatge.cat

## 13.- محصول اور ٹیکس

تمام شہری مرد و خواتین جو میونسپلٹی میں رہتے ہیں ان پر بعض ٹیکس یا محصول ادا کرنا فرض ہے جس سے بنیادی ڈھانچے اور خدمات کا صحیح کام کرنا اور قائم رہنا یقینی ہو۔ ان میں سے بعض مندجہ ذیل ہیں:

- کوڑا کرکٹ اٹھانے کا ٹیکس (سالانہ)
- IBI (جائداد کا ٹیکس)، جسے مالک ادا کرتا ہے (سالانہ)
- موٹر ٹیکس (IVTM)، جو گاڑیوں کا مالک ادا کرتا ہے (سالانہ)
- ایمپادرونامینتو کے سرٹیفیکیٹ کے اجراء کا ٹیکس
- وابستگی کے لیے سماجی پیوستگی کی رپورٹ کا اجراء کرنے کا ٹیکس
- خاندانی ملاپ کے لیے رہائش گاہ کی دستیابی اور مناسبت کی رپورٹ کے اجراء کا ٹیکس

## 14.- میل جول

فلیٹوں کے بلاک، گلی اور محلے کے پڑوسیوں کے ساتھ مل جل کر رہنا ایک مثالی قاعدے کے رویے سے وابستہ ہے، جن میں سے مندرجہ ذیل نمایاں ہیں:

- ان قواعد کا احترام کرنا جنہیں مالکان کی جماعت نے اندرونی نظامت کے قوانین کے تحت قائم کیا ہے
- شور کرنے سے اجتناب کرنا اور ٹیلی وژن اور دوسرے موسیقی کے آلات تجویز کردہ سطوح پر رکھیں، خاص طور پر رات 10 سے صبح 8 بجے کے درمیان
- پڑوسیوں کے آرام کا احترام کریں
- سڑکوں کو صاف اور قابل گشت رکھیں
- روشنیوں والے صحن میں دھوئیں کے اخراج سے اجتناب کریں اور نہ ہی قالین یا کسی اور چیز کی صفائی کریں جو کھڑکی یا بالکونی سے اسے گندہ کرے
- پرانا فرنیچر یا دوسری بڑے حجم کی اشیاء گلی میں نہ چھوڑیں
- کوڑا کرکٹ متعلقہ کنٹینر میں بند لفافے اور تجویز کردہ اوقات کار میں پھینکیں
- کاغذ یا اس سے مشابہ اشیاء زمین پر نہ پھینکیں

AJUNTAMENT DE TORTOSA
SERVEI D'ATENCIÓ CIUTADANA
Pl Espanya , 1
43500 Tortosa
Tel 977 58 58 58
aj.tortosa@tortosa.cat
www.tortosa.cat

BASE
C/ Cristòfol Colom, 33
43500 Tortosa
Tel 977 50 44 11
Fax 977 50 27 17
www.base.cat

- جانوروں کا فضلہ اٹھائیں
- گاڑیوں کو گلی میں صاف نہ کریں نہ ہی کسی قسم کا گندگی والا پانی عوامی جگہ پر پھینکیں
- کسی بھی گاڑی کی مرمت گلی یا سڑک پر نہ کریں
- عوامی یا نجی عمارتوں اور نہ ہی شہری سامان کو گندہ یا خراب کریں

**بین ثقافتی ثالثی خدمت**

یہ آیونتامینتو طرطوسہ کی نئی خدمت ہے جو اس خواہش کے باعث بنائی گئی ہے کہ صلح صفائی اور گفتگو کے ذریعہ ان جھگڑوں کے حل کو فروغ دیا جائے، جو طرطوسہ کے شہریوں کے درمیان ہو سکتے ہیں، خاص طور پر پڑوسیوں کے بین ثقافتی نوعیت کے جھگڑے۔

** آیونتامینتو طرطوسہ نے ایک میونسپل حکم جاری کیا ہے جو عوامی جگہوں اور عوامی سڑکوں کے درست استعمال کا پابند کرتا ہے جسے آیونتامینتو کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

**بین ثقافتی ثالثی خدمت - ACISI**

یہ ایک ایسی خدمت ہے جس کا مقصد بین ثقافتی ثالثی عمل کے ذریعہ مختلف نسلوں اور ثقافتوں کی جماعتوں کے مابین تعلق اور میل جول کو فروغ دینا اور بہتر بنانا ہے۔ بین ثقافتی ثالثی عمل کو، ہجرت کرنے والوں کی اہم جماعتوں اور انہیں پناہ دینے والے معاشرے کے مابین رابطے میں مدد کرنے کے لیے شامل کرنا ہے۔


**AJUNTAMENT DE TORTOSA**
**SERVEI DE MEDIACIÓ COMUNITÀRIA**
Pl Espanya, 1
43500 Tortosa
Tel. 662 062 383
mediacio@tortosa.cat
www.tortosa.cat

**ACISI**
Carreró dels Capellans, 4
43500 Tortosa
Tel. 977 44 05 12
ici.tortosa@acisi.org
xarxaperlaconvivencia@gmail.com
www.acisi.org
www.xarxaperlaconvivència.blogspot.com

| | |
|---|---|
| **دلچسپی کے ٹیلیفون نمبر:**<br>012 شہری توجہ برائےجینرالیتات<br>112 ایمرجنسی جینرالیتات<br>092 ایمرجنسی مقامی پولیس<br>088 موسوس دے ایسکوادرا<br>091 قومی پولیس<br>062 گواردیا سوِل<br>061 طبی ایمر جنسی<br>080 آگ بجھانے کا عملہ | |
| | |

Una guia elaborada per: Salomé Gisbert Pla, Laia Sabatés Caballero i Carmen Llopis Pichardo.